Deutsche Gesellschaft für das Badewesen e.V.

سوئمنگ پول کا صحیح اور محفوظ استعمال

ہم آپ کو اس سوئمنگ پول میں خشام دید کہتے ہیں - یہ ایک تفریح، کثرت اور کھیل کی جگہ ہے- مگر یہاں احتیاط برتنا بہت ضروری ہے تاکہ ہر قسم کے خطرے سے بچا جا سکے اور سب تیراک بھرپور طور پر لتفندوز ہو سکیں - مندرجہ زیل ہدایت آپ کی حفاظت کے لئے ضروری ہیں

سوئمنگ پول کے تمام عملے آپ کی خدمات کے لئے حاضر ہیں تاکہ آپ ہر وقت ان سے ہر چیز کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں- مگر اس بات کا خیال رہے کے عملے کی ہدایت پر عمل کرنا ضروری ہے

سوئمنگ پول اور اسکے آس پاس کی جگہیں صرف تیراکوں کے لئے مناسب ہیں - گہرا پانی غیر تیراکوں کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے.اپنی صلاحیات کا صحی اندازہ آپ کی حفاظت کے لیئے ضروری ہے اور ضرورت سے زیادہ پر یقینی آپ کے لئے نقصاندہ ثابت ہو سکتی ہے

سوئمنگ پول میں تیراکوں اور غیر تیراکوں کی جگہ ایک رسی کی مدد سے واضح طور پر تقسیم کی گی اہے اور آپ سے گزارش ہے کہ اس کا خاص خیال رکھیں کہ کون سی جگہ آپ کے لئے مناسب ہے- اگر آپ اس کا اندازہ خود سے نہیں کر سکتے تو فوراً عملے سے پوچھ لیں

مہربانی کر کے غوطہ لگانے کے لئے صرف اور صرف دی گیی سہولیات کا استعمال کریں- سوئمنگ پول کے کناروں سے پانی میں چھلانگ لگانا سختی سے منع ہے

بچوں کی حفاظت کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے - پانی کے آس پاس ان کی نگہبانی کے لئے ہر وقت عملے یا ذمہ دار افراد کا موجود ہونا لازمی ہے - بچوں کا کم گہرے پانی میں بھی ڈوب جانے کا خطرہ ہے لہٰذا ان کی مسلسل نگرانی کی جائے. تیراکی کے لئے مہیا کیے گیے آلات مکمّل حفاظت نہیں دے سکتے اس لئے احتیاط ضروری ہے

پول کے آس پاس کی جگہ اکثر گیلی ہوتی ہے اس لیے وہاں خیال سے چلنا ضروری ہے اور بھاگنا سختی سے منع ہے

سب تیراکوں کے احترم اور عزت کا خیال کریں خاص طور پر بزرگوں اور بچوں کا - تمام تیراک مردوں اور عورتوں کی عزت اور آبرو کا خیال رکھا جائے، ہر مرد اور عورت سے عزت اور احترم کے ساتھ ملا جائے. یہاں ہر طرح کا نامناسب طرز عمل جیسے کہ لغو بات چیت، اشارے کرنا، آوازے کسنا یا چھونا سختی سے منع ہے

غوطہ لگانے کی سہولیات کا استعمال صرف عملے کی اجازت سے کیا جا سکتا ہے اور غوطہ لگانے والی جگہ کے نیچے تیراکی کرنا منع ہے

پانی میں تیرنے کے لئے مناسب تیرنے کا لباس ضروری ہے - عام جوتے پہن کر پول کی جگہ پی چلنا پھرنا سختی سے منع ہے. یہ اقدام پول کی صفائی کے لئے ضروری ہیں

پول کے استعمال سے پہلے نہانا اور صفائی کا خیال کرنا ضروری ہے

پول کی تمام حفاظتی ہدایت سب افراد پر لاگو ہوتی ہیں اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے- یہ ہدایت آپ استقبالیہ سے حاصل کر سکتے ہیں